**فوری ریلیز کے لیے:** 2023/12/1 ***KATHY HOCHUL گورنر***

***گورنر HOCHUL کی جانب سے لیک پلیسڈ 2023 FISU ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے آغاز کا اعلان***

***موسمِ سرما کی عالمی سطح کی دوسری سب سے بڑی کھیلوں کی تقریب جنوری 22 تک جاری رہے گی؛ ٹکٹس [یہاں](#) دستیاب ہیں***

***کھیلوں کی تیاری کے سلسلے میں کھیلوں کی سہولت گاہوں کی تجدید، سڑکوں اور پُلوں کو بہتر بنانے، کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو اپ گریڈ کرنے کے لیے ریاستی سرمایہ کاری کی مد میں 550$ ملین سے زائد رقم خرچ کی گئی ہے***

***ان کھیلوں میں گورنر کے استحکامی ایجنڈے کے مطابق کلائمیٹ ایکشن کے فروغ کے لیے متعدد اقدامات شامل ہوں گے***

گورنر Kathy Hochul نے آج لیک پلیسڈ 2023 FISU ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے باضابطہ آغاز کا اعلان کیا، جن میں 46 اقوام اور 540 سے زائد یونیورسٹیوں سے آنے والے 1,443 کالج کی سطح کے ایتھلیٹس کا خیرمقدم کیا جا رہا ہے، جو کہ ہر دو سال بعد منعقد ہونے والے موسمِ سرما کی متعدد کھیلوں پر مشتمل تقریب میں شرکت کرنے کے لیے جمع ہوئے ہیں۔ لیک پلیسڈ 2023 FISU گیمز میں، لیک پلیسڈ کے علاوہ وِلمنگٹن، سراناک جھیل، پوٹسڈیم، کینٹن اور شمالی کریک میں ایڈیرونڈیک نارتھ کنٹری کے تمام مقامات پر موسمِ سرما کے 12 کھیلوں کے مقابلے اور 85 تقاریب پیش کی جائیں گی۔ مقابلے کا شیڈول اور ایونٹس کے ٹکٹس [یہاں](#) دستیاب ہیں۔

"نیو یارک کی نارتھ کنٹری، جسے موسمِ سرما کے کھیلوں کے عالمی مقام کے طور پر بھی جانا جاتا ہے، اس کے ہوتے ہوئے میں 2023 FISU ورلڈ یونیورسٹی گیمز کی میزبانی کے لیے لیک پلیسڈ سے بہتر جگہ کا تصور بھی نہیں کر سکتی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "کھیلوں کی تیاری کے سلسلے میں نارتھ کنٹری میں ریاستی معاونت یافتہ تجدیدات اور سرمایہ کاریوں کی مد میں 550$ ملین سے زائد خرچ کرنے کے بعد، نیو یارک اب ہماری ریاست کے اندر دنیا بھر سے آنے والے ایتھلیٹس اور تماشائیوں کا خیرمقدم کرنے کے لیے بالکل تیار ہے۔ مقابلہ کرنے والے ایتھلیٹس کے لیے میری بہترین خواہشات، اور میں FISU، انتظام کار کمیٹی اور تمام حکومتی سطحوں پر موجود شراکت داران کی بھی شکرگزار ہوں، جنہوں نے اس تقریب کی کامیابی کی گونج کے سُنے جانے کو یقینی بنایا۔ کھیلوں کا آغاز ہو لینے دیں۔"

جمعرات کی رات کو لیک پلیسڈ 2023 FISU گیمز کی افتتاحی تقریب کا انعقاد 1980 کے مشہور ہرب بروکس ایرینا میں کیا گیا، جو کہ امریکا اور سوویت یونین کے درمیان 1980 کے موسمِ سرما کے اولمپکس میں کھیلے جانے والے "میریکل آن آئس" ہاکی کھیل کا مقام ہے۔ اس تقریب میں اونیڈا انڈین نیشن اور سینٹ ریجس موہاک ٹرائب کی جانب سے خیرمقدم، برف پر شائستہ پرفارمنسز، ایتھلیٹس اور حکام کی حلف برداریاں، اور اپنی مثال آپ بغیر شعلہ مشعل کو روشن کرنا شامل تھا۔

ریاست نیو یارک کی جانب سے نارتھ کنٹری میں نمایاں سرمایہ کاریاں کی گئی ہیں جن میں گزشتہ چھ سالوں کے دوران ورلڈ یونیورسٹی گیمز کی تیاری اور جاری علاقائی سیاحت کی خاطر مجموعی طور پر 550$ ملین سے زائد

کی رقم شامل ہے۔ ان سرمایہ کاریوں سے اولمپک ریجنل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی زیرِ ملکیت اور اس کے زیرِ عمل سہولت گاہوں کی تجدید میں مدد ملی ہے، مثلاً لیک پلیسڈ اولمپک سینٹر کی 104$ ملین کی تجدید، اور سراناک لیک سِوک سینٹر کی تقریباً 7$ ملین کی بحالی جیسی دیگر میزبان سہولت گاہیں۔ یہ سرمایہ کاریاں کھیلوں، اس خطے، اور کھیلوں کے مسابقتی بنیادی ڈھانچے کے حوالے سے نیو یارک کی کوششوں کی گواہ ہیں۔

**FISU کے قائم مقام صدر Leonz Eder نے کہا،** "عالمی وبا کے مشکل سالوں کے بعد، ہم بالآخر لیک پلیسڈ میں دوبارہ ملاقات کر رہے ہیں۔ دنیا بھر میں نوجوانوں نے عظیم خیر و بھلائی اور عالمی آبادی کی طرف سے سخت مشکلات اٹھائیں۔ ان میں سے اکثر کو آج یہاں جمع ہوتے دیکھنا خالصتاً فرطِ جذبات سے بھرا وہ لمحہ ہے، جسے ان ورلڈ یونیوسٹی گیمز کو خاص طور پر لوسرن 2021 کی منسوخی کے بعد حقیقت میں ایک پُرمسرت موقع بنانا چاہیئے۔ لیک پلیسڈ ایک بڑا ہی خاص شہر ہے جس نے نہ صرف لیجنڈز پیدا کیے ہیں، بلکہ ایک قائم و دائم میراث بھی تخلیق کی ہے۔ میراث ایک ایسا تحفہ ہے جو میں ذمہ داری کا بوجھ بھی شامل ہے۔ اور یہی میرے اس فخر کی وجہ ہے کہ لیک پلیسڈ موسمِ سرما کے کھیلوں اور موسمیاتی تبدیلی کے درمیان تعلق کی جانچ کرتے ہوئے کانفرنسوں اور اقدامات کی میزبانی کا کردار ادا کرے گا۔"

**ایڈیرونڈیک سپورٹس کونسل کے صدر James B. McKenna کا کہنا تھا کہ،** "نیو یارک، FISU اور لیک پلیسڈ کی آپس میں شراکت داری نے ان کھیلوں کے ذریعے ترغیب یافتہ ایک طویل مدتی وراثت تخلیق کی ہے۔ اولمپک مقامات اور سراناک لیک سِوک سینٹر کی تعمیرِنو، ہمہ وقت تیار سستی کمیونٹی رہائش گاہوں کا قیام، عوامی بنیادی ڈھانچے میں بہتری، کلائمیٹ ایکشن، ڈاؤن ٹاؤن کی تجدید، اور عالمی سطح پر شناخت میں اضافہ اس میراث کے محض چند اجزاء ہیں۔ بین الاقوامی سپورٹس سٹیج پر لیک پلیسڈ کی جگہ محفوظ کی گئی ہے۔"

FISU کی جانب سے مارچ 2018 میں لیک پلیسڈ کو میزبان شہر منتخب کیا گیا تھا اور اس نے لیک پلیسڈ کے علاقے کے لیے اقتصادی مراعت کے ایک نئے مرحلے کی جانب ترغیب دلائی ہے۔ میزبان شراکت داران کی ٹیم کے ذریعے ہی کھیلوں کا یہ سلسلہ ممکن بنایا گیا ہے: ORDA، ایڈیرونڈیک سپورٹس کونسل، لیک پلیسڈ گاؤں اور امریکی انٹرنیشنل یونیورسٹی سپورٹس فیڈریشن (U.S. International University Sports Federation، US-IUSF)۔ مذکورہ انتخاب کھیلوں کی میراث میں اضافہ کرتا ہے جن میں موسمِ سرما کی دو اولمپک گیمز، 1972 FISU ورلڈ یونیورسٹی گیمز، 2000 گڈ وِل گیمز اور ورلڈ کپ سمیت ورلڈ چیمپئن شپ کے متعدد ایونٹس شامل ہیں۔ کئی ایونٹس تمام موسمِ سرما جاری رہیں گے اور ان کی پہلے ہی تصدیق کی جا چکی ہے، جن میں فروری میں ورلڈ کپ سکی جمپنگ، NCAA سکینگ چیمپیئن شپس جبکہ مارچ میں سنکرونائزڈ فِگر سکیٹنگ کی ورلڈ چیمپیئن شپس شامل ہیں۔ مستقبل کے ایونٹس میں فروری 2025 میں منعقد ہونے والی بابزلیڈ سکیلیٹن ورلڈ چیپمئن شپس اور فروری/مارچ 2026 میں IBU بائیاتھلون کپس شامل ہیں۔

**ORDA کے صدر اور CEO Michael Pratt کا کہنا تھا کہ،** "100 سال سے زائد عرصے تک لیک پلیسڈ میں بین الاقوامی مقابلوں کی میزبانی کرنے کے لیے بعد، ہم دوسری بار ورلڈ یونیورسٹی گیمز کی میزبانی کرنے کے لیے پُراعتماد ہیں۔ مقامات میں تبدل و تغیر کے ذریعے، توسیع شدہ لیک پلیسڈ اولمپک علاقے کو ایک ایسے مقام پر رکھا گیا ہے کہ یہ آئندہ کئی دہائیوں تک تجدید یافتہ مواقع سے مستفید ہو سکے۔"

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "یہ ریاست نیو یارک کے لیے ایک پُرمسرت موقع اور کئی سالہ انتھک محنت کا نتیجہ ہے۔ ریاستی سرمایہ کاریوں کے ذریعے علاقے میں موسمِ سرما میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو اپ ڈیٹ کر کے اسے بہتر بنایا گیا ہے اور لیک پلیسڈ FISU 2023 گیمز دنیا بھر سے سیاحوں اور ناظرین کو ہماری نارتھ کنٹری کمیونٹیز میں متعارف کروانے کا ایک شاندار موقع ہیں۔"

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے نائب صدر اور ایگزیکٹیو ڈائریکٹر برائے سیاحت Ross D. Levi نے کہا،** "مجھے اس بات کی بےحد خوشی ہے کہ NY کی جانب سے دنیا بھر میں موسمِ سرما کے کھیلوں کے شوقین افراد کو دعوتی سلسلہ جاری رکھا گیا ہے، اور بالآخر ریاست نیو یارک میں ان تاریخی کھیلوں میں شرکت کے لیے ہم ان کا استقبال کرنے کے لیے پُرجوش ہیں۔ FISU گیمز لیک پلیسڈ، ایڈیرونڈیکس اور نارتھ کنٹری کو موسمِ سرما کے کھیلوں کا جنون رکھنے والے کسی بھی فرد کے لیے بطور اہم سیاحتی مقام ظاہر کرنے کا ایک اور موقع فراہم کرتی ہیں، خواہ

وہ شرکت کنندہ کے طور پر ہو یا شائق کے طور پر، اور ہم ہر شخص کے اس کا حصہ بننے کے ضمن میں آنے پر ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔"

**ریاست نیو یارک محکمہ آمدورفت کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا،** "نارتھ کنٹری منفرد قدرتی حسن اور موسمِ سرما کے کھیلوں کی بےمثال سہولت گاہوں کے ساتھ موسم سرما کا اپنی مثال آپ مرکز ہے۔ 2023 کی ورلڈ یونیورسٹی گیمز کی پوری مدت کے دوران ایتھلیٹس، منتظمین اور تماشائیوں کی باسہولت ربط سازی کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ آمدورفت FISU اور گورنر Hochul کے ساتھ کام کرنے کو باعث اعزاز سمجھتا ہے۔ ہمارے محکمہ برائے ٹریفک کی کارروائیوں اور سڑکوں کی دیکھ بھال کی ٹیمیں اپنے کام میں بہترین مہارت رکھتی ہیں، اور اس سلسلے میں وہ رواں سال کی گیمز کو محفوظ، یادگار بنانے میں مدد دینے کے لیے شب و روز کام کر رہی ہیں۔"

**محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (Department of Environmental Conservation) کے کمشنر Basil Seggos کا کہنا تھا کہ،** "DEC ان کھیلوں اور اس بےمثال موقع کی فراہمی میں معاونت دینے کے سلسلے میں مدد کے لیے پُرجوش ہے، جس میں وہ قدرتی نظاروں کو سب کی نظر میں لانے اور ایڈیرونڈیکس بھر میں کمیونٹیز کا استقبال کر رہے ہیں۔ کھیلوں اور کانفرنس میں نیو یارک کے پائیدار اور حسب استطاعت موسمیاتی اقدامات پر توجہ مرکوز کرنا بھی شامل ہے، جن کی قیادت گورنر اور ہمارے شراکت داران کر رہے ہیں، اور میں لیڈران سمیت حکومت کو صاف توانائی، دنیائے علم و فضل سے وابستہ کرنے کا متمنی ہوں، تاکہ موسمیاتی تبدیلی کا مقابلہ کرنے کے لیے ہماری قومی رہنمائی کی کوششوں میں پیش رفت کی جا سکے۔"

**ریاست نیو یارک کے کمشنر برائے پارکس Erik Kulleseid نے کہا،** "FISU ورلڈ یونیورسٹی گیمز کو ریاست نیو یارک میں واقع ایڈیرونڈیک کے حسین خطے میں بجلی کی فراہمی میں مسابقت پیدا کرنے - اور ہزاروں کی تعداد میں ایتھلیٹس اور شائقین کو متوجہ کرنے کا پورا یقین ہے۔ امپائر سٹیٹ ان ایتھلیٹس کی شاندار ہنرمندیوں، جرات اور صلاحیتوں کو سب کے سامنے لانے میں ناقابلِ یقین پلیٹ فارم کا کردار ادا کرے گا۔"

**ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی کی صدر اور CEO Doreen M. Harris نے کہا،** "میں لیک پلیسڈ کے 2023 FISU ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے لیے منصوبہ بندی کرنے اور اس پر عمل درآمد کرنے کے سلسلے میں استحکام اور کلائمیٹ ایکشن کے حوالے سے FISU کے غیرمعمولی عزم کی معترف ہوں—یہ عزم موسمی اعتبار سے نیو یارک کے ملکی قیادت کے ایجنڈے سے ہم آہنگ ہے۔ لیک پلیسڈ واقعتاً نیو یارک کے تاج میں جڑا ایک ہیرا ہے، اور یہ تقاریب اس امر کی دوبارہ تصدیق کرتی ہیں کہ ایڈیرونڈیک خطے کی ماحولیاتی و اقتصادی فلاح و بہبود کی حفاظت ہمارے ریاستی مستقبل کے لیے ناگزیر ہے۔"

**<u>موسمیاتی اور استحکام پر مبنی اقدامات</u>**

لیک پلیسڈ FISU 2023 ورلڈ یونیورسٹی گیمز میں گورنر Hochul کے استحکامی ایجنڈے کے مطابق کلائمیٹ ایکشن کے فروغ کے لیے متعدد اقدامات شامل ہوں گے۔ FISU ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے میزبان شراکت دار کے طور پر، ORDA نے ان مقامات پر پائیداری کے اہم اقدامات نافذ کیے ہیں جو کہ اکثروبیشتر مقابلوں کا مرکز ہوں گے، ان میں الپائن کے مقامات پر شمسی توانائی، برف سے بنی جدید ترین اشیاء جو پانی اور توانائی کے استعمال میں نمایاں طور پر کمی لاتی ہیں، EV چارجنگ سٹیشنز، ای زیمبونیز اور ہائبریڈ گرومنگ آلات، LED لائٹنگ، اور مزید شامل ہیں۔ FISU گیمز کا ایک اہم پہلو عالمی کانفرنس ہے، جہاں کثیر تعداد میں مقررین، بشمول ریاست نیو یارک کی ایجنسیاں اور محکمے موسمیاتی تبدیلیوں کو کم کرنے اور موسمِ سرما کو محفوظ بنانے میں مدد کے لیے اپنی جانب سے کیے گئے ضروری اقدامات اور عملوں کے بارے میں معلومات پیش کریں گے۔ مقام کی تشکیل اور بنیادی ڈھانچے سے لے کر مستحکم انداز میں وسائل فراہم یافتہ آئٹمز اور اس سے لے کر LED ٹارچ تک، میزبان شراکت داران اور ریاست نیو یارک FISU ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے مستقبل کی تقریبات کے لیے ایک نیا معیار ترتیب دینے کے ہدف کے حصول میں، اور ساتھ ہی ساتھ ماحول کے تحفظ کا عزم لیے معاونت فراہم کر رہے ہیں۔

ان کھیلوں کی 'موسمِ سرما میں بچاؤ' نامی کانفرنس بین الاقومی سطح پر جانے اور مانے سائنسدانوں، مصنفین، ایتھلیٹس اور کاروباری رہنماؤں کو جمع کرے گی تاکہ اس مسئلے پر تبالۂ خیال کیا جا سکے کہ موسمیاتی تبدیلی کس طرح دنیا بھر میں موسمِ سرما کے کھیلوں کو متاثر کر رہی ہے۔

**ریاست نیو یارک کی موسم سرما کی سیاحت**

ORDA کی سہولیات میں سرمایہ کاریاں اور اصلاحات ریاست نیو یارک کی سیاحت کی صنعت کی مسلسل بحالی میں معاونت کرے گی۔ گزشتہ موسم سرما میں، نیو یارک نے 68.5 ملین مہمانوں کا خیرمقدم کیا تھا، جس سے براہِ راست مہمانوں کے اخراجات میں 16.1$ بلین سے زیادہ کا اضافہ ہوا۔ ریاست نیو یارک کے لیے ORDA کے معاشی اثرات کا تخمینہ آخری بار 2019-2020 میں 273.6$ ملین لگایا گیا تھا، جو کہ اس سے پہلے 2016-2017 میں لگائے گئے 156$ ملین کے تخمینے کے مقابلے میں 75 فیصد زیادہ ہے۔

**سابق ریاستی سینیٹر Betty Little نے کہا،** "FISU ورلڈ یونیووسٹی گیمز کو لیک پلیسڈ میں واپس لے کر آنا عرصۂ طویل سے ایک خواب تھا۔ میں اور گورنر Hochul پانچ سال قبل FISU کے منتظمین سے ملی تھیں اور اس خطے میں توجہ طلب ساری چیزیں ہم نے انہیں بتائی تھیں، اور مجھے ان تمام کوششوں پر انتہائی فخر ہے جن کی بدولت ان کھیلوں کے انعقاد کا خواب شرمندۂ تعبیر ہوا۔ خطے کے لیے یہ ایک پُرلطف گھڑی ہے، اور میں اس بات پر نہایت شکرگزار ہوں کہ لاتعداد لوگوں کو نارتھ کنٹری کے حسن کا تجربہ کرنے کا موقع فراہم ہو گا۔"

**ریاستی سینیٹر Dan Stec نے کہا،** "سالہا سال تیاریوں اور امیدوں کے بعد لیک پلیسڈ FISU 2023 ورلڈ یونیورسٹی گیمز کا ہمارے علاقے میں انعقاد ہو رہا ہے۔ 45 ویں سینیٹ ڈسٹرکٹ کی جانب سے، مجھے دنیا بھر سے اپنے خطے میں آنے والے ایتھلیٹس اور تماشائیوں کا استقبال کرنے پر فخر محسوس ہو رہا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ یہ کھیل شاندار ہوں گے اور دیسی رہائشیوں سمیت سیاحوں پر ایسا دیرپا اثر چھوڑیں گے جو آئندہ کئی سالوں تک قائم رہے گا۔"

رکن اسمبلی **Billy Jones کا کہنا تھا کہ،** "FISU 2023 ورلڈ یونیورسٹی گیمز کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے لیے ایڈیرونڈیک خطے میں موجود ہونے کے باعث آج کا دن نہایت شاندار ہے۔ ریاست نیو یارک نے سہولت گاہوں کو اپ ڈیٹ کرنے کی خاطر لاکھوں کی سرمایہ کاری کی ہے اور اس تقریب کی کامیابی کو یقینی بنایا ہے۔ دنیا دیکھ رہی ہے اور اب مزید اس عظیم ریاست نیو یارک میں موجود دلکش مناظر سمیت خطے میں عالمی سطح کی موسمِ سرما میں کھیلوں کی سہولیات کا مشاہدہ کرے گی۔ یہ تقریب مقامی ملکیت میں موجود کاروباری اداروں کے لیے بھی نہایت مفید ہے اور میں مستقبل میں اس قسم کے مزید ایونٹس کے انعقاد کا متمنی ہوں۔"

**رکن اسمبلی Matthew Simpson نے کہا،** "50 سال سے زائد تاریخ میں پہلی بار ایسا ہوا ہے کہ موسمِ سرما کے کھیلوں کی میزبانی امریکا کی سرزمین پر کی جائے گی اور یہ سہرا نارتھ کاؤنٹی کے سر سجنے پر یہ اس کے لیے انتہائی باعثِ فخر ہے۔ اس امکان کو حقیقی شکل دینے کے لیے جمع تمام شراکت داران کی جانب سے وقت، وسائل، اور مشترکہ کاوشوں کا ناقابلِ یقین خزانہ ان طلباء کے لیے ایک ایسا پلیٹ فارم تخلیق کر چکا ہے جو انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ دنیا بھر کے 40 ممالک اور تقریباً 600 یونیورسٹیوں سے آنے والے عالمی سطح کے ایتھلیٹس اپنی ایتھلیٹک مہارتوں کا مظاہرہ کرنے، اپنی زندگی کی یادیں شیئر کرنے، اور ایسے مقامات پر بین الاقوامی جذبۂ خیر سگالی کا مظاہرہ کرنے کے لیے ایڈیرونڈیکس میں جمع ہوں گے، جو کہ اس کام کے لیے موزوں ترین ہیں۔ یہ ریاست نیو یارک کے لیے حقیقت میں ایک پُرلطف اور تاریخی لمحہ ہے۔"

**لیک پلیسڈ کے میئر Art Devlin کا کہنا تھا کہ،** "لیک پلیسڈ، اس کے رہائشیوں اور ناتھ کنٹری کی عظیم کمیونٹی کی جانب سے، میں دنیا بھر سے FISU 2023 گیمز میں شرکت کے لیے آنے والے ایتھلیٹس اور شائقین کا خیرمقدم کرنے کے لیے پُرجوش ہوں۔ تیاری میں بہت وقت اور محنت صرف ہوئی، اور اب ہم اس بین الاقوامی ایونٹ کے باضابطہ میزبان شراکت دار ہونے کی حیثیت سے خدمات کی فراہمی پر فخر محسوس کر رہے ہیں۔ میں گورنر Kathy Hochul کی جانب سے ملنے والی معاونت کا نہایت مشکور و ممنون ہوں، جو ان کھیلوں کے یہاں انعقاد کی کوششوں کا حصہ رہیں، اور میں آئندہ دنوں میں عالمی سطح کے مقابلوں کے انعقاد کا متمنی ہوں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418